# مانمن خبریں

نمبر 37_19، جولائی 2015




## اب 32زبانوں میں شائع ہونے والا مانمن نیوز اپنا 28 واں یومِ تاسیس منا رہا ہے

مانمن نیوز نے خدائے خالق کی قدرت کا کلام، یسوع مسیح کی انجیل، اور پاک روح کے کام دنیا بھر میں پھیلایا ہے۔ اِس سال 2015میں اِس کی پہلی اشاعت کا 28واں یومِ تاسیس ہے۔پہلا شمارہ بطور "مانمن جُونگ انگ نیوز"17مئی 1987کو شائع ہوا تھا۔اس کا اجراءماہانہ کی بنیاد پر ہوتا تھا۔اکتوبر 1991میں یہ ہر دوسرے ہفتے شائع ہونا شروع ہوا۔اس کا پہلا انگریزی شمارہ جنوری 1991میں آیا، جس کے بعد دیگر کئی زبانوں میں شائع ہونے لگا۔

11اکتوبر 2009کو، جو کہ چرچ کا 27واں سال تھا400کورئین شماروں سے شروع کر کے، اس ہفتہ وار شائع ہونے والے اس جریدے کا نام مانمن نیوز رکھ دیا گیاہے۔آن لائن سروس اکتوبر 2012میں شروع کی گئی اس وقت یہ جریدہ 31زبانوں میں ترجمہ کیا جا رہا ہے:انگریزی، عوامی چینی زبان، روایتی چینی زبان،ہسپانوی، روسی، تاگالوگ، فرانسیسی، انڈونیشیائی، ہندی، پرتگالی، منگولیائی، جاپانی، تھائی، کیوبانی، عربی، ایستونیائی، عبرانی، یوکرینائی، ویتامی،اردو، ڈچ، بلغاریہ، فنش، ڈینش، سویڈش، برمائی، نیپالی، جرمنی، اطالوی، اور سنہالی۔ لوگ آن لائن سروس کی مدد سے دنیا بھر میں اِس کثیر اللسانی جریدہ کر پڑھ سکتے ہیں۔

مانمن نیوز فضل سے بھرپور مواد جس میں پاک انجیل اور خدا کے جلال کے مشنری کام اور جانوں کی نجات کا مواد شامل ہے شائع کرتا رہے گا۔

### 17 مئی 1987: ماہانہ جریدہ "مانمن جُونگ انگ نیوز" کی پہلی اشاعت


만민중앙소식

مانمن جُونگ انگ نیوز کا اجراء اس مقصد سے ہوا تھا کہ خدا کے زندہ کلام کے بارے میں اور اس کے قدرت بھرے کاموں کے بارے میں منادی کی جائے۔پہلے شمارہ کے پہلے صفحہ پر چرچ کی خبر نمایاں تھی جس کی سرخی تھی "خداکے کلام اور فضل سے بھرپور بیداری کی دوسری عبادت"۔اس میں خبر دی گئی کہ عبادت میں 4000سے زاید افراد نے شرکت کی اور کئی لوگوں کو ڈاکٹر جے راک لی کی دعا سے شفا ملی تھی۔ اُن کی پہلی کتاب "موت سے پہلے ابدی زندگی کا مزہ" کی اشاعت کی خبرکو بھی نمایاں جگہ دی گئی۔

### ایمانداروں کی اُمڈتی ہوئی گواہیاں


"Sound of blessing is heard from every side"

God's amazing works bring healing, answers, blessing, and even heart-changing works!

چرچ کے افتتاح ہی سے لوگ ڈاکٹر جے راک کی کے پیغام اور اُن کی دعا سے اپنی بیماریوں سے شفا پاتے رہے، اپنی مشکلات کا حل پاتے رہے ۔اُن کی گواہیاں مانمن نیوز کیلئے نہایت بیش قیمت اور نمایاں تھیں۔ایماندار نشانات، عجائب اور قدرت بھرے کام دیکھ کر مرکزی کارکُن بن گئے اور اُن کا ایمان بڑھا۔

### کوریائی مسیحی پروگرام، خصوصی بیداری کی عبادت اور سمندر پار کروسیڈز


The Power of God Shakes Jerusalem!

مسیحی پروگراموں میں چرچ کا وسیع پیمانے پر شریک ہونا اِس جریدے میں شائع ہوتا رہا جس میں 1992کا ورلڈ ہولی سپرٹ ایکسپلوژن کروسیڈ اور50ویں یومِ آزادی کے موقع پر پیس فُل ری یونیفیکیشن جوبلی کروسیڈکا انعقاد شامل ہے۔اس کے علاوہ ڈاکٹر جے راک لی کے پندرہ روزہ کنزیکیوٹو سپیشل ریوائیول عبادات اور اُن کے یوگنڈا، پاکستان، انڈیا، اور امریکہ، اسرائیل میں سمندر پار کروسیڈ شامل ہے جس کی خبر شائع ہوئی اور دنیا بھر میں پھیل گئی۔

### چرچ کا بین الاقوامی پروگرام اور غیر ممالک سے آنے والوں کے انٹرویو


Manmin News

"The Church Filled with Eagerness for God!"

The President of "In Victory", the Leading Christian Media Group in Russian Speaking Countries, Paid a Visit to Manmin Central Church

مانمن نیوز نے چرچ کے عالمگیر پروگرام کے علاوہ ورلڈ مشن کی رپورٹ شائع کی جس میں موسمِ سرما کا ریٹریٹ، اور دنیا بھر میں سرگرم خدمت، نشریاتی خدمت، میڈیا منسٹری کے تمام جرائد اور کتابیں شامل ہیں۔چرچ آنے والے کئی لوگوں نے بھی انٹرویوز کے وسیلہ سے مانمن نیوز میں اپنی گواہیاں پیش کیں ۔اس کے علاوہ ،مانمن منسٹری بشمول پاسٹرز سیمینارز اور رومالوں کی شفائیہ عبادات بھی جریدے میں رپورٹ کی گئی ہیں۔

# "تُو زنا نہ کرنا"

"تُو زنا نہ کرنا" (خروج20: 14)۔

زناکاری کو کسی شخص کے ساتھ کسی دوسرے کے شریکِ حیات کے ساتھ غیر قانونی تعلق کے طور پر بیان کیا جاتا ہے۔ماضی میں اِسے سنگین گناہ سمجھا جاتا تھا۔لیکن آن لوگوں کا ضمیر سو چُکا ہے اور وہ گناہ کی بابت بہت کم احساس رکھتے ہیں۔نتیجتاً وہ عملاً ایسے گناہ بڑی آسانی سے کر گزرتے ہیں۔

یہ دنیا گناہ سے کتنی ہی بھرپور کیوں نہ ہو، تاہم، بطور خدا کے فرزند ہمیں جاگتے رہنااور ہمیشہ نُور میں چلنا چاہئے(رومیوں13: 12)یہ ساتواں حکم جو ہمیں بتا رہاہے کہ زنا نہ کرنا اس میں ہمیں محض زنا کاری سے بڑھ کر دیگر روحانی معنی بھی شامل ہیں ۔آئیں اِن کو دیکھیں۔

## 1۔ ہمیں بالفعل زناکاری نہیں کرنی چاہئے

زناکاری جسم کے کاموں میں سے ایک خاص فعل ہے اور بائبل مقدس ہمیں صاف صاف بتاتی ہے کہ ایسا گناہ کرنے والے نجات نہیں پائیں گے (گلتیوں5: 19-21)۔

1-کرنتھیوں6: 9-10میں ہم پڑھتے ہیں کہ "کیا تم نہیں جانتے کہ بدکار خدا کی بادشاہی کے وارث نہ ہوں گے؟ فریب نہ کھاؤ نہ حرام کار خدا کی بادشاہی کے وارث ہوں ے نہ بُت پرست نہ زنا کار نہ عیاش۔ نہ لونڈے بازنہ چور، نہ لالچی، نہ شرابی، نہ گالیاں بکنے والے نہ ظالم۔"

بے شک، نئے ایمانداروں کے معاملے میں جن کے پاس سچائی کا بہت کم علم ہوتا ہے، شاید خدا انہیں توبہ کا ایک موقع دے دے ۔لیکن اس حد تک سچائی کو جان لینے کے بعد اگر کوئی اس طرح سے جسم کے کام صریحاً کرتا ہے تو توبہ کی روح پانا بہت مشکل ہے ۔احبار 20: 10 ہمیں یہ کہہ کر خبردار کرتی ہے کہ "جو شخص دوسرے کی بیوی سے یعنی اپنے ہمسایہ کی بیوی سے زنا کرے وہ زانی اور زانیہ دونوں ضرور جان سے ماردیئے جائیں۔"

اس کے علاوہ ،بائبل مقدس سختی کے ساتھ غیر شادی شدہ لوگوں کے درمیان باہمی رضامندی سے رکھے جانے والے جنسی تعلق سے اور کسی جانور کے ساتھ یا اپنے ہم جنس کے ساتھ جنسی تعلق رکھنے سے منع کرتی ہے۔خدا نے ہم پر ایسے گناہوں کی بابت سختی سے پابندی لگائی ہے تا کہ ایسا نہ ہو کہ ہم موت کی راہ پر چل نکلیں، کیونکہ وہ ہم سے پیار کرتا ہے ۔پس آپ کو چاہئے کہ اس دنیا کے رجحانات کی پیروی نہ کریں اور اپنے آپ کو ناپاک نہ کریں۔

## 2۔ لازم ہے کہ ہم دلوں سے زنا کو دور کریں

متی 5: 27-28 میں یسوع نے کہا کہ جو کوئی کسی عورت کو بُری نیت سے دیکھتا ہے وہ اس کے ساتھ اپنے دل میں زنا کر چکا۔

اس سے پیشتر کہ لوگ عملاً زناکاری کریں، وہ سب سے پہلے اپنے دلوں میں زنا کرتے ہیں۔ چونکہ وہ اپنے دل میں دوسروں سے نفرت کرتے ہیں اس لئے دوسروں کو نقصان پہنچاتے ہیں، اور چونکہ اُن کے دلوں میں عداوت ہوتی ہے اس لئے وہ غصہ کرتے ہیں۔ اسی طرح سے اگر کوئی اپنے دل میں زناکاری کی سوچ رکھتا ہے تو یہ بڑھتے بڑھتے زناکاری کے عمل تک جا پہنچتی ہے۔

پس، اگرچہ یہ کام عملاً نہ کیا گیا ہو، لیکن کسی کے دل میں موجود ہے تو وہ پہلے ہی زنا کر چکا ہے ۔اس کا آغاز زناکاری کی جڑ سے ہی ہوتا ہے۔ بعض لوگ سکھاتے ہیں کہ ہم اپنے دلوں سے زناکاری کو دور نہیں کر سکتے اور وہ انسانی لیاقت سے اس پر غالب آنے کی محض کوشش ہی کر سکتے ہیں، ہم ایسا نہیں کر سکتے ۔لیکن اگر ہم دعاؤں اور روزہ کے وسیلہ خدا سے قوت پائیں تو اپنے دل سے اِس گناہ آلودہ فطرت کو مٹا سکتے ہیں۔

یسوع نے ہمارے اُن گناہوں کو معاف کرنے کیلئے کانٹوں کا تاج پہنا اور اپنا لہو بہایا جو ہم اپنی سوچوں میں کرتے ہیں۔مزید یہ کہ، خدا نے ہم پر پاک روح نازل کیا جو ہمارے دلوں سے گناہ آلودہ فطرت کو دور کرنے میں ہماری مدد کرتا ہے ۔اگر ایک بار ہم اپنی گناہ آلودہ فطرت کو جڑ سے نکال دیں تو پھر ناراستی کے بارے میں سوچیں گے بھی نہیں۔بے شک، اسے دور کرنے کے عمل میں شاید ہم سوچیں کہ یہ بار بار واپس آتے رہیں گے۔ لیکن اگر ہم خدا کے کلام پر ایمان رکھ کر اور اس کی فرمانبرداری کر کے واقعی گناہوں اور بدی کو دور کرنے کی کوشش کر رہے ہوں تو کبھی ایک ہی حالت میں پڑے نہیں رہیں گے۔



بزرگ پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی

جب ہم پیاز کے تہوں کو چھیلتے چلے جائیں تو چند چھلکوں کے بعد بھی ہمیں اُسی طرح کے چھلکے مزید دکھائی دیتے ہیں لیکن اگر ہم اسے چھیلتے رہیں تو بالآخر چھیلنے کیلئے کچھ بھی نہیں بچے گا۔ہماری گناہ آلودہ فطرت کی مثال بھی ایسی ہی ہے ۔پس اگر ہم ایمان رکھتے ہیں تو بے دل نہیں ہوں گے ۔ہمیں ایمان رکھنا چاہئے کہ ہم اس حدتک نئے ہو جائیں گے کہ کوشش کریں تو جلد ہی ہماری تقدیس ہو جائے گی۔

گناہ آلودہ فطرت کو دور کرنے کے عمل میں اگر زناکاری کے خیالات ایک لمحہ کیلئے ذہن میں آجاتے ہیں تو خدا ان کی بابت آپ پر زناکاری کا الزام نہیں لگاتا۔ مسئلہ تو تب ہے جب آپ اپنے تصورات کے ساتھ اِن خیالات کو مزید بڑھاتے چلے جائیں۔لیکن اگر آپ اِس کا احساس ہوتے ہی فوراً توبہ کر لیں اور تقدیس یافتہ ہونے کی کوشش کرتے رہیں تو خدآپ کو زیادہ فضل اور قوت بخشے گا۔

## 3۔ ہمیں روحانی زناکاری نہیں کرنی چاہئے

عملاً کی گئی جسمانی زناکاری اور وہ جو جسم کے تحت دل میں زناکاری ہوتی ہے دونوں ہی یکساں ہیں لیکن زیادہ اس سے بھی زیادہ خوفناک روحانی زناکاری ہے۔روحانی زناکاری اُس وقت ہوتی ہے جب کوئی شخص خدا سے بڑھ کر اس دنیا کو عزیز رکھتا ہے اگرچہ وہ خدا پر اپنے ایمان کا اقرار کیوں نہ کرتا ہو۔

کلسیوں 3: 5-6 بیان کرتی ہے کہ "پس اپنے اُن اعضا کو مُردہ کرو جو زمین پر ہیں یعنی حرامکاری اور ناپاکی اور شہوت اور بُری خواہش اور لالچ جو بت پرستی کے برابر ہے۔کہ اُن ہی کے سبب سے خدا کا غضب نافرمانی کے فرزندوں پر نازل ہوتا ہے۔"

خواہ کسی نے پاک روح پایا ہو، خدا کے کاموں کا تجربہ رکھتا ہو، اور ایمان رکھتا ہو، اگر وہ اپنے دل سے لالچ کو دور نہیں کرتا تو دنیا کی چیزوں کو خدا کی نسبت زیادہ عزیز رکھے گا۔یہی وجہ ہے کہ اگر اس میں لالچ ہے تو وہ روحانی زناکاری کی طرف جائے گااور اس کے علاوہ یہ روحانی زناکاری تک جا پہنچے گی۔ پھر، دوسرے حکم میں روحانی زناکاری اور ساتویں حکم میں متذکرہ روحانی زناکاری میں کیا فرق ہے ؟روحانی زناکاری میں وہ ہر چیز شامل ہے جسے ہم خدا سے زیادہ عزیز رکھتے ہیں۔جسمانی زناکاری وہ ہے جب کوئی شخص جو خدا سے واقف نہیں ہے وہ ایک مُورت بنا کر اس کی عبادت کرے ۔لیکن جب ایسا شخص جو کمزور ایمان رکھ کر خدا سے زیادہ اس دنیا کو عزیز رکھے تو یہ روحانی زناکاری ہے۔

نئے مومن کی حیثیت سے چونکہ اُس کے پاس بہت کم ایمان ہوتا ہے اس لئے ممکن ہے کہ وہ روپے پیسے، شہرت، یا اپنے خاندان کے افراد کو خدا سے زیادہ عزیز رکھے، اس طرح وہ سب اس کے لئے روحانی بُت ہیں۔ لیکن جیسے جیسے وہ خدا کے کلام کو سنتا اور دعا کرتا ہے تو اپنے دل میں یہ ایمان پاتا ہے کہ بائبل مقدس میں درج کلام سچ ہے اور یہ کہ آسمان اور جہنم حقیقی ہیں۔اُسے معلوم ہوجاتا ہے کہ اُسے سب سےپہلے خدا سے محبت رکھنی چاہئے ۔اب، اُس کا ایمان ایسا بڑھ چکا ہے ۔لیکن اگر اب بھی وہ خدا کی نسبت دنیا کو زیادہ عزیز رکھے اور مسلسل اُن چیزوں کو قبول کرتا ہو جو تاریکی کی ہیں تو یہ اُس محبت کو چھوڑ دینے کے مترادف ہے جو اُسے خدا سے ملی تھی اور یہ روحانی زناکاری ہے ۔بائبل مقدس اکثر اسرائیل اور خدا کے درمیان تعلق کو بیان کرتے وقت باپ اور بیٹے کی مثال دیتی ہے، لیکن بعض اوقات اس رشتہ کو شوہر اور بیوی کے رشتہ سے مثال بناتی ہے جنہوں نے پورے دل سے ایک دوسرے کے ساتھ محبت رکھنے کی قسم کھائی ہو۔

لیکن اپنی تاریخ میں اسرائیل نے اکثر خدا کے وعدوں کو فراموش کیا اور غیر معبودوں کی پرستش کی ۔وہ خدا کے بارے میں اچھی طرح سے واقف تھے جس نے اُن کو کئی نشانات اور عجائب دکھائے لیکن وہ انہوں نے اپنی خواہشوں کی راہ پر چل کر فریب کھایا۔انہوں نے غیر قوموں کے بُتوں کو قبول کیا اور اُن کی پرستش کی ۔ یہ بُت پرستی روحانی زنا کاری تھی(1-کرنتھیوں5: 25)۔

اسرائیل کی شمالی سلطنت نے بُتوں کی پوجا کر کے روحانی زناکاری کی، اور خدا اُن سے روپوش ہوا اور اُن کو ہلاک کیا۔لیکن یہ دیکھنے کے بعد بھی یہودیہ کی جنوبی سلطنت نے توبہ نہ کی بلکہ بُتوں کی پرستش جاری رکھی۔آخر میں انہیں غیراقوام نے برباد کر کے رکھ دیا(یرمیاہ 3: 8)۔

آج ہم خدا کے فرزند اور خداوند کا بدن ہیں (2-کرنتھیوں11: 2)۔ اگر کوئی خداوند پر ایمان رکھتا ہے، پاک روح پاتا ہے، اور خداوند کو "اپنا دولہا" کہتا ہے، تو بھی اگردنیا کو عزیز رکھتا اور ناراستی کے ساتھ مفاہمت کرتا ہے تو یہ روحانی زناکاری ہے(یعقوب4: 4)۔جو کوئی خداوند سے دغا کرتا ہے اور زناکار ہے وہ خداوند کی دلہن نہیں بن سکتا اور اُس کی شادی کی ضیافت میں شریک نہیں ہو سکتا۔

یہی وجہ ہے کہ جسمانی زناکاری کی نسبت روحانی زناکاری زیادہ ہولناک ہے ۔فرض کریں ایک چھوٹا بھائی اپنے بڑے بھائی پر لعنت کرتا ہے اور اُس پر تھوکتا ہے ۔ یہ زبردشت گناہ ہے لیکن بڑے بھائی کے پاس موقع ہے کہ وہ اپنے چھوٹے بھائی کو معاف کر دے ۔لیکن اگر کوئی بیٹا اپنے باپ کے ساتھ ایسا کرے تو یہ ایسی بدی ہے کہ اُسے شاید ہی معاف کیا جا سکے۔

اسی طرح سے اگر کوئی روحانی زناکاری میں کچھ خاص حدوں سے بھی آگے نکل جائے تو وہ اپنی دعاؤں کا جواب نہیں پا سکتا اور اُسے خدا سے دُور کر دیا جائے گا۔پھر وہ دنیا میں زیادہ داغدار ہو جائے گا، یسوع مسیح کو بار بار مصلوب کرنے کا گناہ کرے گااور موت کی راہ پر چل نکلے گا(عبرانیو10،6)۔

مسیح میں عزیز بھائیو اور بہنو، میں امید کرتا ہوں کہ آپ کونہ صرف جسمانی زناکاری بلکہ روحانی زناکاری سے متعلقہ کام بھی کرنے کی ضرورت نہیں ہے اور آپ صرف اور صرف سچائی کے مشتاق ہوں گے اور اپنے دلوں کو اِس سے بھر لیں گے۔میں خداوند کے نام میں دعا کرتا ہوں کہ ایسا کر کے اپنے آپ کو خداوند کی دلہن کے طور پر بے داغ اور بے عیب رکھ کر آراستہ کریں گے اور شادمانی کے ساتھ شادی کی ضیافت میں شریک ہوں گے۔

## ایمان کا اقرار

1۔مانمن سینٹرل چرچ کا ایمان ہے کہ بائبل مقدس خدا کے منہ سے نکلا ہوا کلام ہے اور یہ کامل اور بے نقص ہے ۔

2۔مانمن سینٹرل چرچ خدائے ثالوث :خدا باپ، خدا بیٹا، اور خدا روح القدس کی یکتائی پر ایمان رکھتا ہے ۔

3۔مانمن سینٹرل چرچ کا ایمان ہے کہ ہمیں صرف اور صرف یسوع مسیح کے نجات بخش لہو کے وسیلہ گناہوں کی معافی ملی ہے۔

4۔مانمن سینٹرل چرچ یسوع مسیح کے مُردوں میں سے جی اٹھنے اور آسمان پر اٹھائے جانے پر ، اُس کی آمدِ ثانی پر، ہزار سالہ بادشاہی پر اور ابدی آسمان پر ایمان رکھتا ہے۔

5۔مانمن سینٹرل چرچ کے ارکان جب بھی جمع ہوتے ہیں "رسولوں کا عقیدہ" پڑھ کر ایمان کا اقرار کرتے ہیں اور اِس میں شامل باتوں پر حرف بہ حرفی یقین رکھتے ہیں۔

"وہ(خدا ) توخود سب کو زندگی اور سانس اورسب کچھ دیتا ہے"۔(اعمال17:25)

"اور کسی دوسرے کے وسیلہ نجات نہیں کیونکہ آسمان کے تلے آدمیوں کو کوئی دوسرانام نہیں بخشا گیا جس کے وسیلہ سے ہم نجات یں"۔(اعمال4:12)

Urdu

مانمن خبریں

شائع کردہ مانمن سینٹرل چرچ

نمبر3-235گُرو ڈونگ 3، گرُو۔گو، سیول کوریا(848-152)
فون82-2-818-7047 فیکس82-2-818-7048
ویب سائٹwww.manmin.org/english
www.manminnews.com
ای میلmanminen@manmin.kr
ناشر:ڈاکٹر جے راک لی
مدیرِ اعلیٰ:سینئیر ڈیکنیس گیومُن وِن

## "جب میں نے مانمن نیوز تقسیم کیا تو مجھے بیماری سے شفا مل گئی"



ڈیکن پلِک یونگ، عمر67سال، پیرش 31 جنوبی کوریا

مانمن نیوز میرے لئے اچھی صحت اور ایمان لایا۔میں گھر گھر اور دکانوں پر جا کر 500سے600کاپیاں مانمن نیوز تقسیم کرتا تھا۔ میں اِس میں ایک اجر محسوس کرتا تھا۔میرے ایسے کرنے کے پیچھے کچھ وجوہات تھیں۔

میں اپنی بیٹی ڈیکنیس سونگئی چیانگ پر چرچ جانے کی وجہ سے بہت تشدد کرتا تھا۔ میں دنیاوی خوشیوں میں پھنسا تھا اور بہت زیادہ شراب پیتا تھا۔ لیکن اپنی بیٹی کی آنسوبھری دعاؤں اور تشدد برداشت کرنے کے بعد ،میں نے اکتوبر2007میں مانمن سینٹرل چرچ کے اندر قدم رکھا۔میں نے ہر ہفتہ خدا کے قدرت بھرے کام دیکھے ۔میں زندہ خدا کو تسلیم کئے بغیر نہ رہ سکا۔میں اس کے عوض پھلدار ہو کر اور توبہ میں قائم رہ نہ صرف ہونٹوں سے بلکہ حقیقی اعمال سے خداوند کے فضل کا شکر ادا کرنا چاہتا تھا۔

یہی وجہ ہے کہ میں نے مانمن نیوز کی تقسیم شروع کر دی ۔تھوڑے ہی عرصہ کے بعد میرے ساتھ ایک عجیب کام ہوا۔مجھے اُس ذیابیطس کی بیماری سے شفا مل گئی جس میں میں 30 سال سے مبتلا تھا۔علاوہ ازیں میں نے اپنی بائیں کلائی میں قوت محسوس کی جس میں زخمی ہوجانے کے بعد سے قوت نہیں رہی تھی ۔میں پوری طرح اپنی بائیں کلائی استعمال کرنے کے لائق ہو گیا۔ ہالیلویاہ!

میری بیوی بھی مانمن نیوز تقسیم کرنے میں مدد کرتی تھی۔پھر اس کو بھی خدا کی طرف سے شفا کے کام کا تجربہ ہوا۔ اُسے بے چینی کا عارضہ تھا اس لئے وہ اپنے آپ برقی سیڑھیوں پر نہیں چڑھ سکتی تھی ۔لیکن اب اس میں ایسی علامات باقی نہیں رہیں۔یہاں تک کہ اُسے نظر کی کمزوری اور پولاکیریا سے بھی شفا مل گئی جس نے اُسے تیس سال سے تکلیف میں مبتلا کیا ہوا تھا۔ میں خدا کا شکر ادا کرتا ہوں جس نے بڑی محبت سے ہمیں شفا بخشی اور برکت بھی دی ہے۔

## "مانمن میری شادمانی، اور خدا کی طرف کھینچ لانے کا ذریعہ ہے"



سینئر ڈیکنیس سُنگھی، عمر60سال، مانمن مشن سینٹر، کیلیفورنیا، امریکہ

میں نے مانمن نیز شماروں کی ایک جلد یکجا کر رکھی ہے ۔امریکہ میں کورین زبان میں مانمن نیوز حاصل کرنا آسان نہیں ہے ۔ہر جمعہ اور ہفتہ کو میں مانمن چرچ کی ویب سائٹ سے تازہ شمارہ ڈاؤن لوڈ کرتی ہوں ۔ اِس میں موجود پیغام سے میں خود کو آراستہ کرتی ہوں۔

سینئر پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی کا پیغام اور ان کے علاوہ دنیا بھر سے اکٹھی ہونے والے مضامین اور گواہیاں مجھے روحانی ترقی میں مدد دیتے ہیں۔چونکہ میں دن کے دوران کام کرتی ہوں اس لئے میرے پاس خدا کا کلام پڑھنے کا زیادہ وقت نہیں ہوتا۔اس کی بجائے میں مانمن نیوز ڈاؤن لوڈ کرلیتی ہوں اور انہیں ایک ترتیب بنا کر رکھ لیتی ہوں اور جب کبھی وقت ملے پڑھ لیتی ہوں۔

ایک راہ میں نے خواب دیکھا۔خواب میں میں دعا کر رہی تھی ۔ایک آواز سنائی دی جس نے کہا،''مانمن نیوز اکٹھے کرنا اچھا ہے، لیکن کہیں زیادہ اچھا ہو گا اگر اُن باتوں پر عمل کرو جو اس میں سے سیکھ رہی ہو۔''میں اٹھ بیٹھی اور مجھے عظیم فہم حاصل ہوا۔ اُس وقت سے میں پیغام کو عمل میں شامل کرنے کی کوشش کرتی ہوں بجائے کہ اسے محض علم کے طور پر پاس رکھوں۔

## "میری ٹیکسی کا پیار کا نام 'چلتی پھرتی بشارتی کار' رکھا دیا گیا ہے"



جیانگ فُوشینگ، عمر 55 سال، تائیوان مانمن چرچ

جنوری 2008میں، میں میری دائیں ٹانگ کے خلیوں کی خرابی کا سامنا ہو گیا۔ لیکن جب میں جی سی این ٹی وی کے ذریعہ اتوار کی عبادت میں شریک تھا تو میں نے ڈاکٹر جے راک لی سے دعا کروائی اور پھر شفا مل گئی ۔اُس وقت سے جب میں بطور ٹیکسی ڈرائیور کام کرتا تھا میں نے بڑی دلجمعی کے ساتھ انجیل کی خوشخبری پھیلائی۔

میری ٹیکسی "خوشخبری پھیلانے والی"گاڑی ہے۔میں زندہ خدا کی گواہی دینا چاہتا تھا۔ اس لئے میں نے کار کے اندر اور باہر مانمن نیوز اور کئی گواہیاں چسپاں کر دیں تا کہ اسے کوئی بھی شخص پڑھ سکے۔جب امریکی میری کار میں بیٹھتے تو میں اُن کو انگریزی زبان میں مانمن نیوز دے دیتا تھا؛ کوریا کے لوگوں کو کورین زبان میں شمارہ دے دیتا تھا،اور جاپانیوں کو جاپانی شمارہ دے دیتا تھا۔وہ بہت خوش اور حیران ہوتے تھے۔

زبانوں میں شائع ہوتا ہے جس کے لئے میں بہت شکر گزار ہوں۔ میری گاڑی میں ڈاکٹر جے راک لی کی کئی کتابیں بھی موجود ہیں اور میں اپنے مسافروں میں خوشخبری کی منادی کرتا ہوں۔گزشتہ سال، ایک عوت میری ٹیکسی میں بھٹی اور میں نے خدا کے اُن قدرت بھرے کاموں کا ذکر شروع کیا جو ڈاکٹر جے راک لی کے وسیلہ سے ظاہر ہوتے ہیں۔ خاتون نے بڑی دلچسپی ظاہر کی ۔اس کے بعد، وہ ہمارے چرچ میں آئی اور بائبل کے مطالعہ میں شریک ہوئی ۔پیدایش کی کتاب پر لیکچر سننے کے بعد اُس نے کہا کہ اُس نے خدا کا گہرا روحانی پیغام سیکھا ہے اور شکریہ اداکیا۔

میں چاہتا ہوں کہ مزید جانیں مانمن نیوز کے وسیلہ سے نجات تک پہنچیں جس میں خوشخبری شامل ہے اور میں اسے بڑے شادمانی کے ساتھ موسم بے موسم باٹتا رہتا ہوں۔ ہالیلویاہ!

## "مجھے شدید بے چینی، دباؤ اور کانوں میں گھنٹیوں کی آوازوں سے شفا مل گئی"



ڈیکن ڈونگھو کانگ، عمر41سال، جنوبی کوریا

ایک بڑی کمپنی میں داخل ہونے کے بعد میں کام کے بارے میں بہت دباؤ کا شکار تھا۔ میں شدید پریشانی اور دباؤ کی طرف آگیا اور میرے کانوں میں گھنٹیاں بجتی تھیں۔ایک دن میں نے پڑوسیوں کے دروازے کی درز میں مانمن نیوز پڑا دیکھا۔ میں نے وہ لیا اور پڑھنا شروع کیا۔مانمن میٹھے پانی کے وسیلہ سے شفا کے کئی کام ظاہر ہوئے تھے۔میں بہت حیران ہوا اور پیپر پر لکھا ہوا نمبر لے کر چرچ فون کیا، یہ جاننے کیلئے کہ وہاں کیسے پہنچا جا سکتا ہے۔ اس وقت سے لے کر میں نے مانمن سینٹرل چرچ جانا شروع کیا۔

میں نے چرچ میں باقاعدہ مسیحی زندگی گزارنا شروع کر دی ۔میں خدا کی محبت کو محسوس کر سکتا تھا۔میری نئ صحت بحال ہو گئی اور کام میں کوئی مشکل پیش نہیں آتی تھی ۔اب میں ارنسٹ اینڈ ینگ گلوبل لمیٹڈ کیلئے بطور مشیر کام کر رہا تھا جو امریکہ میں ایک کثیر المقاصد تجارتی ادارہ کا صدر مقام ہے ۔یہ آڈٹ کرنے والی چار بڑے اداروں میں سے ایک ہے ۔میں مانمن نیوز کا شکر گزار ہوں جس نے مجھے اپنے مسائل اور کمزوریوں اور کام سے متعلقہ مشکلات کے حل کی راہ دکھائی۔

# "مجھے مانمن نیوز میں برکت کی کُنجی مل گئی"

مانمن نیوز ایسا نیوز پیپر ہے جس میں کلامِ حیات اور خدا کی قدرت شامل ہے ۔اسے پڑھے سے کئی لوگوں کو شفا اور دعاؤں کا جواب مل گیا اور انہوں نے برکت پائی ہے ۔یہاں چند گواہیاں پیشِ خدمت ہیں۔ آئیں خدائے محبت کو جلال دیں جس نے پاک روح کے کاموں کے وسیلہ سے اُن کیلئے کام کیا ہے۔



## "مجھے لاغر پن سے شفاملی اور میرا خاندان اچھی صحت اور برکات سے شادمال ہے"

سینئر ڈیکنیس ینگنِم اوہ، عمر 54 سال،
گوانجُو مانمن چرچ، جنوبی کوریا

فروری 1992میں میں نے اپنے پہلے بچے کو جنم دیا۔ کچھ عرصہ بعد مجھے ایک معذوری نے آن گھیرا جو سات سال تک قائم رہی ۔ اس سے بھی بُری بات یہ تھی کہ ہم بہت بڑے قرض تلے دب گئے کیونکہ میرا خاوند ضمانتی معاہدے میں داخل ہوا اور وہ غلط ثابت ہوگیا۔اُس کی تنخواہ سے تو سُود بھی ادا نہیں ہو سکتا تھا۔

اپریل 1999میں مجھے مانمن نیوز کا ایم شارہ اپنے گھر کے سامنے مِلا۔اس نیوز پیپر میں مانمن سینٹرل چرچ کے سینئر پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی کی خصوصی بیداری کی عبادت کے بارے میں شائع ہوا تھا۔مئی میں میں نے عبادت میں شرکت کی اور اپنے لاغر پن سے پوری طرح شفا پائی جو پورے بدن پر تھا۔

میرے بچے اکثر بیمار رہتے تھے، لیکن جب سے میری ملاقات زندہ خدا سے ہوئی اور انہوں نے مسیحی زندگی گزارنا شروع کی ہمیں کسی طرح کے طبی علاج کی ضرورت نہیں رہی ۔میرا خاوند بھی نہایت حلیم اور وفادار ہو گیا ہے ۔جنوری 2015میں شعبہ کوریا رورل کمیونٹی کارپوریشن کے سربراہ کے طور پر ہماری ترقی ہو گئی۔



## "مضبوط منسٹری دیکھ کر، مجھے حقیقی پاسبان بننے کی راہ مل گئی"

پاسٹر شِنہون مُن، عمر 62 سال، نائب
پیرش پاسٹر 15 جنوبی کوریا

2004میں، میں ڈائیجویان میں ایک چرچ سے تعلق رکھنے والا پاسبان تھا۔کلیسیا کے ارکان سے ملاقات کے بعد گھر واپس آتے ہوئے مجھے میرے گھر کے داخلی دروازے پر مانمن نیوز کی ایک کاپی ملي ۔گواہیوں والے حصے میں لوگ نے دعا کے وسیلہ اپنے لاعلاج مرض سے شفا کی گواہیاں دی تھیں۔ مجھے بہت حیرت ہوئی ! میں نے مانمن ویب سائٹ ڈبلیو ڈبلیو ڈبلیو .مانمن .او آر جی دیکھی اوربہت فضل پایا۔پیدائش کی کتاب پر ڈاکٹر جے راک لی کا لیکچر سن کر میں اس روحانی پیغام سے بہت متاثر ہواجس میں تخلیق کائنات کے پوشیدہ بھید ظاہر کئے گئے ہیں۔

بعد ازاں، میں چرچ گیا اور اُن کی کتابیں خریدیں جن میں ُصلیب کا پیغام، آسمان، اور جہنم ‘شامل ہیں۔ میں نے اُن کے وعظ ’ایمان کے درجات‘، ’بُری روحوں کی دنیا‘، اور ’خدا ہمارے ایمان کو ناپتا ہے‘ کے کیسٹ بھی خریدے۔میں نے دل جمعی سے ان کا مطالعہ کیا۔ تمام پیغامات سے مجھے عظیم فضل ملا اور میری روحانی تشنگی دُور ہو گئی۔

آخر میں، مجھے چرچ تک راہنمائی دی گئی اور میں شادمانی کے ساتھ اِس کے معاون پاسبان کے طور پر خدمات انجام دے رہا ہوں۔ مجھے مانمن نیوز سے پیار ہے جس نے مجھے حقیقی چرواہے سے ملنے کا موقع دیا۔



## "ٹھوس اثبات و شواہد کے وسیلہ سے میں زندہ خدا سے مِلی"

ڈیکنیس چی ہارا، عمر52سال، مانمن چرچ، جاپان

جب پہلی میں لِڈا مانمن چرچ گئی تومجھے مانمن نیوز مِلا۔اُس میں سے ایک گواہی میری توجہ کا مرکز بن گئی۔یہ ڈیکنیس کُمکاکائی سونوکو کی گواہی تھی ۔اُن کی بیضہ دانی میں رسولی تھی جو اندر ہر طرف پھیل چکی تھی ۔اُن کے لئے آپریشن کروانا بے معنی تھا۔وہ صرف یہ کر سکتی تھیں کہ سرطان کے علاج کے لئے دوائی لیتی رہیں۔ ایسی صورت میں وہ ڈاکٹر جے راک لی کے پاس کوریا گئی اور ساتھ ہدیہ جات اور تحائف لے کر گئی جیسے بائبل میں نعمان کوڑھی نے بھی کیا تھا۔اپنے لئے دعا کروانے کے بعداُن کو مکمل شفا مل گئی۔

خلوص سے بتاؤں تو مجھے ایسے کاموں کے امکان پر یقین نہیں تھا۔لیکن گواہی دینے والے سے میری ملاقات ہوئی اور میں نے اُن کے تجربہ کے بارے میں سُنا تو میرا شک جاتا رہا۔ مجھ پر بھاری فضل اتر آیا۔میں نے ڈاکٹر جے راک لی کے وسیلہ ظاہر ہونے والے شفا کے کاموں کی بابت سُن رکھا تتھا لیکن جب حقیقت میں میری ملاقات ایسے شخص سے ہو گئی اور جانا کہ جاپان میں کسی کے ساتھ ایسا ہوا ہے تو مجھے ایمان مل گیا۔

مانمن نیوز کے وسیلہ سے میں نے خدا کے بارے میں سیکھا اور سمجھا جسے میں پہلے نظر انداز کرتی تھی ۔میں نے فیصلہ کیا کہ اُس کے کلام کے مطابق زندگی گزاروں گی۔



## "میں ہمیشہ مطمئن اور شادمان ہوں، دعاؤں کے جوابات اور برکات والے اخبار کا شکریہ"

ڈیکنیس کیونگ سُک چنگ، عمر 59 سال
گانگ وون صوبہ، جنوبی کوریا

پہاڑی صوبہ کانگ وون میں ہر ہفتہ میں اور میرے شوہر کو مانمن نیوز ملتا ہے ۔جب یہ مجھے مِلا تو میں نے مانمن سینٹرل چرچ میں اپنے بیٹوں اور بیٹی کے بارے میں سوچا۔ہم نے بڑی خوشی سے اسے پڑھا۔ بالخصوص، ہم واقعی بہت حیران اور شکرگزار ہوئے جب کئی لوگوں کی گواہیاں پڑھیں جنہوں نے ڈاکٹر جے راک لی کی دعا کے وسیلہ سے اپنی بیماروں سے شفا پائی تھی۔

اپریل 1996میں میری بیٹی ڈیکنیس ینگ سُک جُو کو گلی میں مانمن نیوز مِلا اور اُس نے اٹھا لیا۔اسے پڑھنے کے بعد وہ ڈاکٹر جے راک لی کی خصوصی بیداری کی عبادت میں گئی اور وہاں اُسے کان کے مرض سے شفا مل گئی جو اُسے 20 سال سے لاحق تھا۔

اس کے علاوہ ہم ڈاکٹر جے راک لی کی یادگار گواہی موت سے پہلے ابدی زندگی کا مزہ اُس وقت تک پڑھتے رہے جب تک کتاب کی جلد خراب نہ ہو گئی کیونکہ ہمیں اس کی بہت لگن تھی ۔اِن دنوں ہم صلیب کا پیغام پڑھ رہے ہیں اور ہم جی سی این ٹی وی دیکھتے ہیں اس لئے ہمارا ایمان بڑھتا ہے۔ہم خدا کے اور محبت بھرے خداوند کے شکر گزار ہیں۔

جي سي اِن GCN
(گلوبل کرسچن نیٹ ورک)
فون:82-2-824-7107
فیکس:82-2-813-7107
www.gcntv.org
webmaster@gcntv.org

World Christian Doctors Network WCDN
(ورلڈ کرسچن ڈاکٹرز نیٹ ورک)
فون:82-2-818-7039
فیکس:82-2-830-5239
www.wcdn.org
wcdnkorea@gmail.com

MIS
(مانمن انٹرنیشنل سیمنری)
فون:82-2-818-7334
فیکس:82-2-830-3310
www.manminseminary.org
manminseminary2004@gmail.com

کتب اُوریم
فون:82-70-8240-2075
فیکس:82-2-869-1537
www.urimbooks.com
urimbook@hotmail.com